Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۱ { مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۹ جمادی الثانی ۱۳۵۲ھ مطابق ۳۰ ستمبر ۱۹۳۳ء } جلد ۲۵

حصہ اول -

خلاصہ احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	رخصت اے - ایچ - سی - لشوٹز انچارج موٹر گیراج -	۲	(۲)	تبادل و تخفیف ملازمان رامپور ہوٹل مع منتقلی رقم بجٹ -	۲

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم :-

واقع ۲۲ ستمبر ۱۹۳۳ء

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے

اے۔ ایچ۔ سی لیشولز انچارج موٹر گیراج کی رخصت یکماہ منظور شدہ سابق - بوجہ عدم استفادہ حسب رپورٹ منسلکہ منسوخ کیجاتی ہے۔ حکم ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام سررشتہ صدر کو مرسل ہو

بائی آرڈر

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار :-

واقع ۲۸ ستمبر ۱۹۳۳ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم)

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے - بموجب رپورٹ فرزند علی منیجر ہوٹل کو تنخواہ موجودہ تیس روپیہ ماہوار پر باورچیخانہ انگریزی میں اور مسمی کنہیا لال محرر ہوٹل کو تنخواہ موجودہ پندرہ روپیہ ماہوار پر کنٹرولر آفس میں تبدیل کرنے کی اجازت دیجاتی ہے اور مبلغ ایک ہزار پچانوے روپیہ چھ پائی کی بچت ہوٹل سے مدات تحت میں مستقل منظور کیجاتی ہے۔ مستقل رقم کا اجلاس ہمایوں میں نوٹ کر لیا جائے

(۱) مد مصارف خورد و نوش رامپور ہوٹل زائد صرف شدہ

اسماعیل ۱۰ ؍ ۲

(۲) مد شاہرات باورچیخانہ انگریزی مہمانداری تنخواہ فرزند علی

من ابتدائے ۱۹ ستمبر ۱۹۳۳ء

(۳) مد شاہرات کنٹرولر آفس تنخواہ کنہیا لال محرر

من ابتدائے ۱۹ ستمبر ۱۹۳۳ء

(۴) مد شاہرات جواہر خانہ تنخواہ کستوری لال جوہری

بشاہرہ پچاس روپیہ ماہانہ

الف ۱۰ ؍ ۲

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کاروائی اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

"رامپور ہوٹل" کا ٹھیکہ اسپنسر کمپنی کے نام ہو جانے کے باعث منجملہ گیارہ اسم ملازمان ہوٹل مندرجہ فہرست منسلکہ کے نو اسم ۱۹ ستمبر ۱۹۳۳ء سے تخفیف کئے جائیں

فرزند علی منیجر کی تبدیلی بہ صیغہ باورچی خانہ اور کنہیا لال محرر کو "کنٹرولر آفس" میں تبدیل کئے جانے کا حکم پیشگاہ ہمایوں سے صادر فرمایا گیا ہے۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

۲۸ ستمبر ۱۹۳۳ء

بعد اجرائے احکام اصل کاغذات صاحب ہاوس ہولڈ منسٹر بہادر کی خدمت میں بھیجے جائیں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

تاریخ صدور از صدر

فہرست عملہ رامپور ہوٹل

(۱)	فرزند علی	منیجر	[illegible] ماہوار	باورچی خانہ انگریزی مہمانداری میں نفری دوم پر تبدیل کیا جائے
(۲)	کنہیالال	محرر	[illegible] ماہوار	کنٹرولر آفس میں تبدیل کیا جائے
(۳)	عنایت اللہ	باورچی	[illegible] ماہوار	تخفیف کیا جائے
(۴)	ببن	خدمتگار	[illegible] ماہوار	تخفیف کیا جائے
(۵)	امن	مشالچی	[illegible] ماہوار	تخفیف کیا جائے
(۶)	عبدالرشید	بیرا	[illegible] ماہوار	تخفیف کیا جائے
(۷)	عثمان خان	فراش	[illegible] ماہوار	تخفیف کیا جائے
(۸)	علی حسین	چوکیدار	[illegible] ماہوار	تخفیف کیا جائے
(۹)	بدھ سنگھ	مالی	[illegible] ماہوار	تخفیف کیا جائے
(۱۰)	ممن	سقہ	[illegible] ماہوار	تخفیف کیا جائے
(۱۱)	ہیرا	خاکروب	[illegible] ماہوار	تخفیف کیا جائے

میزان [illegible]　　مستقل ملازمان [illegible] ماہوار
　　　　　　　　　تخفیف ملازمان [illegible] ماہوار

دستخط صاحب کنٹرولر بہادر ہاؤس ہولڈ
فار
صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر